ماہنامہ الحق کی خصوصی اشاعت
شہید ناموس رسالت مولانا سمیع الحق شہید رحمہ اللہ نمبر

محترمی ومکرمی زیدہ مجدہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! امید ہے مزاج گرامی بخیر ہوں گے

آنجناب کے علم میں ہے کہ دارالعلوم حقانیہ کے مہتمم، دفاع پاکستان کونسل کے چیئرمین اور جمعیت علماء اسلام کے امیر، شیخ الحدیث والتفسیر حضرت مولانا سمیع الحق صاحب ۲/اکتوبر ۲۰۱۸ء کو شہید کردیئے گئے۔

مرحوم موصوف ایک عظیم مجاہد، سیاستدان، محدث، مفسر، ادیب، مصنف اور محقق ہونے کیساتھ ساتھ دارالعلوم حقانیہ کے دوسرے مہتمم، جید اور قدیم ترین شیخ الحدیث تھے، انکی علمی، ادبی، تحقیقی، تصنیفی، سیاسی، جہادی، روحانی، قانونی اور مطالعاتی خدمات کا دائرہ انتہائی وسیع تھا۔ اسکے علاوہ برصغیر کے اس معروف علمی اور تحقیقی مجلہ ماہنامہ "الحق" کے بانی بھی تھے، ماہنامہ الحق ان کے "حیات و خدمات" کے اعتراف میں خصوصی اشاعت کا اہتمام کررہا ہے۔ آنجناب کی علم وادب سے وابستگی اور حضرت شیخ شہیدؒ سے تعلق خاطر کی بناء پر آپ سے درخواست کی جاتی ہے کہ اُن سے وابستہ یادداشتیں، علمی جلالت قدر، مجدثانہ عظمت شان، درسی افادات، مجاہدانہ کارنامے، تیس سالہ پارلیمانی جدوجہد، علم وادب سے معمور محفلیں، "خطبات مشاہیر ومکتوبات مشاہیر" وغیرہ کے کسی بھی پہلو اور جہت پر آپ اپنے منفرد قیمتی تاثرات واحساسات، مقالات ومضامین کی شکل میں ماہنامہ "الحق" کی خصوصی اشاعت کیلئے ارسال فرمائیں تو یہ حضرت مولانا سمیع الحق شہیدؒ کیساتھ آپکی وابستگی اور وفاداری نبھانے کا بہترین موقع اور آئندہ نسلوں کیلئے ایک تاریخی دستاویز اور حضرت شہیدؒ کے فکر وفن اور علم و دانش پر تحقیق کرنے والوں کیلئے مشعل راہ ثابت ہوگا۔ آپکا قیمتی مضمون بروقت بذریعہ ای میل (اگر کمپوز شدہ ہو تو زیادہ بہتر ہے) ایک ماہ تک موصول ہوجائے تو آنے والی خصوصی اشاعت میں شامل اشاعت کیا جائیگا۔

شکریہ والسلام

(مولانا) راشد الحق سمیع

مدیر اعلیٰ ماہنامہ الحق اکوڑہ خٹک

حضرت مولانا انوار الحق صاحب
مہتمم جامعہ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک

مولانا حامد الحق حقانی
نائب مہتمم جامعہ دارالعلوم حقانیہ

برائے رابطہ : ماہنامہ الحق، جامعہ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک

نوٹ: مضمون آپ دارالعلوم کے ای میل editor_alhaq@yahoo.com پر بھیج سکتے ہیں